احسن الصلوات

مع

دلائل الخیرات

للشیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمہ اللہ تعالیٰ

جمع وترتیب

مفتی سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

المیزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

احسن الصلوات

مع

دلائل الخیرات

للشیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمہ اللہ تعالیٰ

تصحیح و ترتیب

مفتی سعد عبد الرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

ناشر

المیزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

احسن الصلوات
مع
دلائل الخیرات

تصحیح و ترتیب : ________ مفتی سعد عبدالرزاق

تاریخ اشاعت:________ اگست 2025

باہتمام:________ نبیل احمد

ڈیزائینر:________ کامران خان

ناشر

المیزاب پبلشرز
کراچی، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مؤلف

الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ، امابعد! آپ ﷺ کی خدمت میں درود شریف کا ہدیہ پیش کرنا بلاشبہ محبوب ترین عمل اور لذیذ ترین عبادت ہے، اور دینی اور دنیوی اعتبار سے درود شریف کا ورد اس قدر فوائد کا حامل ہے کہ جن کا شمار ممکن نہیں۔

ایک عرصہ سے میری آرزو تھی کہ درود شریف جمع کرنے والوں میں میرا نام بھی شامل ہو جائے اور ایک ایسا رسالہ تالیف کیا جائے جس میں درود شریف کا معتد بہ ذخیرہ ہو، جو اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب ﷺ کی محبت میں ترقی اور دربار عالی میں قرب کا سبب بنے، لیکن اپنی بے بضاعتی کو دیکھتے ہوئے کوئی صورت نظر نہ آتی تھی بالآخر کچھ دوستوں کے مشورے سے کام کا آغاز کیا جس کے نتیجہ میں ایک مجموعہ تیار ہوا اور اب یہ مجموعہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ میں اس کا ہرگز اہل نہیں ہوں لیکن دریائے عشق ومحبت میں غوطہ زنی کی اگر ہمت نہیں تو کیا یہ بھی جرم ہے کہ اہل دل کی فہرست میں کسی نہ کسی تدبیر اور حیلے سے اپنا نام لکھوالیا جائے، مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب ﷺ کے محبین ومحبوبین کی معمولی نسبت بھی نجات کا سبب بن جائے گی:

محبت کرنے والوں کی شباہت لے کر آیا ہوں
حقیقت تُو اسے کر دے میں صورت لے کر آیا ہوں

اس موقع پر ناانصافی ہوگی کہ میں ان حضرات کا ذکر نہ کروں جنہوں نے قدم قدم پر میری رہنمائی اور حوصلہ افزائی فرمائی، میرے شیخ محترم مرحوم ومغفور واصف بھائی رحمۃ اللہ علیہ (اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو نور سے بھر دے۔آمین)، جنہوں نے انگلی پکڑ کر شاہراہ محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر چلنا سکھایا، برادر محترم حافظ بلال صاحب جنہوں نے ہر قدم پر سہارا دیا، مولانا شمس الرحمن صاحب دامت برکاتہم اور مولانا امداد اللہ صاحب دامت برکاتہم جنہوں نے اس کتاب کی تیاری اور اشاعت میں سرپرستی فرمائی، مولانا عمران داؤد صاحب اور میری اہلیہ جنہوں نے اس کتاب کی تصحیح میں میری بھرپور معاونت فرمائی، میرے عزیز دوست بھائی نبیل صاحب اور بھائی کامران صاحب جنہوں نے کتاب کی کمپوزنگ اور اشاعت میں بھرپور کردار ادا کیا اور خصوصاً میرے والدین جن کی دعائیں ہر ہر قدم پر میرے ساتھ ہیں، اللہ تعالیٰ ان حضرات کو بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔

آپ حضرات سے بھی گزارش ہے کہ مجھے اور ان تمام حضرات کو خصوصاً میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ، میرے شیخ واصف منظور صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور میرے شہید استاد جی مولانا عطاء الرحمن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور اس کتاب کو اپنے معمولات میں شامل فرمائیں، اگر کسی غلطی پر مطلع ہوں تو اطلاع فرمائیں یہ آپ کا مجھ پر احسان ہوگا۔

فقط والسلام

سعد عبدالرزاق

+92 321 2022205

فہرست

ہم درود شریف کیوں نہ پڑھیں.......... 08
سب سے بڑا بخیل.......... 09
قرآن کریم کا عجیب انداز.......... 10
دعا کی قبولیت.......... 11
درود شریف لکھنے کا ثواب.......... 11
درود شریف کا حکم.......... 12
درود شریف کے فضائل.......... 13
سب سے افضل اور اکمل درود شریف.......... 13
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت.......... 15
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت.......... 18
قرب خاص کا ذریعہ.......... 19
ایمان کی حفاظت.......... 19
بڑے پیمانہ سے ثواب ملنا.......... 20
ہزار دن تک ثواب ملنا.......... 20
آسمان وزمین اور عرش عظیم کے برابر ثواب.......... 20
دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر اجر.......... 21

تمام درودوں کے برابر اجر.......... 22
اسّی سال کے گناہ معاف اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب.......... 23
پل صراط پر چودھویں کے چاند سے زیادہ چہرے کا روشن ہونا.......... 24
دوزخ سے نجات، بڑا جام کوثر عطا ہونا.......... 25
صدقہ کے قائم مقام.......... 26
درود ناریہ (پریشانیوں سے فوری نجات).......... 26
درود تُنْجِیْنَا.......... 28
قرض کی ادائیگی اور حساب کتاب سے آزادی.......... 28
ہر درد کی دوا اور ہر بیماری سے شفاء.......... 29
دعا قبول ہونا، اولاد کو عزت ملنا.......... 30
بہترین حمد، بہترین نعت اور بہترین سوال.......... 30
روضہ مبارک کی حاضری پر ہدیۂ عقیدت.......... 31
صَلٰوۃُ الْبِئْرِ (کنویں والا درود شریف).......... 34
درود باعث اجرِ عظیم.......... 35
سات فائدے.......... 36
بے انتہاء فوائد.......... 38
تریاق مجرب.......... 39
دشمن سے حفاظت.......... 40

فرشتوں کی طرف سے آسانی 41
دلائل الخیرات 42
چند ضروری ہدایات اور وضاحتیں 43
کتاب پڑھنے کا طریقہ 46
سند اجازت دلائل الخیرات 47
أَسْمَاءُ اللهِ الْحُسْنٰی 48
دعاء ابتداء 52
أَسْمَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ 54
دُعَاءُ النِّيَّةِ 65
پہلی منزل بروز پیر 69
دوسری منزل بروز منگل 86
تیسری منزل بروز بدھ 105
چوتھی منزل بروز جمعرات 124
پانچویں منزل بروز جمعہ 144
چھٹی منزل بروز ہفتہ 166
ساتویں منزل بروز اتوار 187
آٹھویں منزل بروز پیر 208
دعاء اختتام 221

ہم درود شریف کیوں نہ پڑھیں

اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہر اس شخص کے احسان کا بدلہ دینے کا حکم فرمایا ہے جس نے ہم پر احسان کیا ہو، لیکن حضور اقدس ﷺ کے احسان کا بدلہ ہم دے سکیں اس کا تو تصور بھی محال ہے، اللہ تعالیٰ نے ہمارے عجز و بے بسی کو دیکھتے ہوئے آپ ﷺ کے احسان کے بدلے میں ہمیں آپ ﷺ پر درود شریف پڑھنے کا حکم دیا ہے اور در حقیقت اس میں بھی ہمارا ہی نفع ہے اور احسان در احسان ہے، کیونکہ درود شریف پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ سے محبت میں اضافہ ہوتا ہے جو جہنم سے خلاصی اور جنت کی بشارت کا سبب ہے اور ہر طرح کی کامیابی کا ضامن ہے۔ درود شریف کا پڑھنا ایمان کا جزء ہے، درود شریف پڑھنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں، اعمال پاکیزہ ہوتے ہیں، درجات بلند ہوتے ہیں، اُحد پہاڑ کے برابر اجر لکھا جاتا ہے، جو اپنی دعاؤں اور اَوراد کے بدلے ہر وقت درود شریف پڑھے اس کی دنیا اور آخرت میں تمام امور میں کفایت کی جاتی ہے۔

درود شریف پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں، غلام آزاد کرنے سے زیادہ اجر ملتا ہے، حشر کے میدان کی ہولناکیوں سے نجات کا سبب بنتا ہے، حضور ﷺ کی شفاعت واجب ہوجاتی ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ کے غصہ سے امن اور عرش کا سایہ نصیب ہوتا ہے، اعمال کا وزن ترازو میں بڑھ جاتا ہے، سخت پیاس والے دن حوض کوثر کے پانی سے سیرابی حاصل ہوگی، جہنم سے آزادی نصیب ہوگی، پل صراط آسانی سے پار ہوگا، موت سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھنا نصیب ہوگا۔ درود

شریف پڑھنے سے تنگ دستی دور ہوتی ہے، مال میں اضافہ ہوتا ہے، بے حساب حاجتیں پوری ہوتی ہیں، درود شریف عبادت ہے، اللہ تعالیٰ کا محبوب ترین عمل ہے، مجلس کی زینت ہے، فقر کو دور کرتا ہے، تنگی کو رفع کرتا ہے، حضور ﷺ کی قربت نصیب ہوتی ہے، درود شریف نور ہے جس سے دشمنوں کے خلاف مدد حاصل ہوتی ہے، دل کا زنگ اور نفاق دور ہوتا ہے، لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرتا ہے، آپ ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوتی ہے، غیبت سے روکتا ہے، غرض دین و دنیا کے اعتبار سے اتنا بڑا نفع بخش عمل ہے کہ کوئی عمل اس سے بڑھ کر نہیں۔

تو آئیں درود شریف پڑھیں اور ان سب فضائل اور دنیا و آخرت کی بے شمار نعمتوں سے مالا مال ہو جائیں، اللہ تعالیٰ کے محبوب ﷺ کی خدمت اقدس میں ہدیۂ درود و سلام پیش کر کے اللہ تعالیٰ کے اور اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ کے محبوب بن جائیں۔

سب سے بڑا بخیل

حضور ﷺ کا ارشاد ہے: اَلْبَخِيْلُ الَّذِيْ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ یعنی بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے)۔ (الترمذی، حدیث3546، صفحہ557)

یعنی ایک مسلمان کے بخیل ہونے کی انتہاء ہے کہ اس کے سامنے آپ ﷺ کا اسم گرامی آئے اور وہ آپ ﷺ پر درود نہ بھیجے اور یہ کیوں نہ ہو، اس کائنات میں مسلمان کے لئے حضرت محمد ﷺ سے بڑھ کر کون محسن ہو سکتا ہے، آپ ﷺ کے جتنے احسانات اس امت پر ہیں خصوصاً ایمان والوں پر، اتنے احسانات کسی اور

کے نہیں ہیں، لہٰذا ایک مومن کے شایان شان یہی ہے کہ جب کبھی اس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مبارک نام لیا جائے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں درود کا ہدیہ پیش کرے۔

قرآن کریم کا عجیب انداز

اللہ تعالیٰ نے درود شریف پڑھنے کا عجیب انداز میں حکم فرمایا، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والوں تم بھی ان (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود بھیجو۔ (الاحزاب آیت56)

اس آیت پر غور کیجئے ابتدا میں یہ نہیں فرمایا کہ تم درود بھیجو، بلکہ یہ فرمایا کہ اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں، گویا تمہارے درود کی ہمارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی ضرورت نہیں، اس لئے کہ ان پر تو پہلے ہی اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیج رہے ہیں، لیکن اگر تم اپنی بھلائی چاہتے ہو تو تم بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجو۔

البتہ یہ بات واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ اور بندے کے درود بھیجنے میں فرق ہے، اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ براہ راست آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما رہے ہیں اور بندے کے درود بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ سے دعا کرتا ہے کہ اے اللہ! آپ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت بھیجیں۔

دعا کی قبولیت

علماء کرام فرماتے ہیں کہ ساری کائنات میں کوئی دعا ایسی نہیں جس کے بارے میں سو فیصد یقین ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہوگی، کوئی شخص یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ میری فلاں دعا ضرور قبول ہوگی، لیکن درود شریف ایک ایسی دعا ہے جس کے سو فیصد قبول ہونے کا یقین ہے اور وہ اس لئے کہ درود شریف پڑھے جانے سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ نے اعلان کر دیا ہے کہ **إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ**۔ یعنی ہم اور ہمارے فرشتے تو تمہاری دعا سے پہلے ہی نبی کریم ﷺ پر درود بھیج رہے ہیں، معلوم ہوا کہ درود شریف ایک ایسی دعا ہے جس کا سو فیصد قبول ہونا یقینی ہے، اسی لئے دعا کے آداب میں سے یہ بھی ایک ادب ہے کہ جب کوئی بندہ اللہ تعالیٰ سے اپنے کسی مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے تو اس دعا سے پہلے اور دعا کے بعد درود شریف پڑھ لے، تو قوی امید ہے کہ وہ دعا قبول ہو جائے گی، کیونکہ درود شریف کا قبول کیا جانا یقینی ہے اور اللہ تعالیٰ کی شان کریمی سے یہ بات بعید ہے کہ پہلی اور آخری دعا کو تو قبول کریں اور درمیان کی دعا کو قبول نہ کریں۔

درود شریف لکھنے کا ثواب

حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ **مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْئَاتٍ وَرُفِعَتْ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ** یعنی اگر کوئی شخص (زبان سے) ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ

کی طرف سے دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں اور اس کے دس گناہ معاف ہوتے ہیں اور اس کے دس درجات بلند ہوتے ہیں۔ (سنن النسائی ح1293، ص326دار الفکر)

اور اگر کوئی شخص تحریر میں درود شریف لکھے تو حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کِتَابٍ لَّمْ تَزَلِ الْمَلَائِکَۃُ تَسْتَغْفِرُ لَہٗ مَا دَامَ اسْمِیْ فِیْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ یعنی جب تک وہ تحریر باقی رہے گی اس وقت تک فرشتے مسلسل اس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے۔ (المعجم الاوسط حدیث1835، صفحہ232/2، دار الحرمین)

اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی نے اپنی تحریر میں درود شریف لکھا تو اب جو شخص بھی اس تحریر کو پڑھے گا، لکھنے والے کو اس کا اجر ملے گا، لہٰذا آپ ﷺ کا نام مبارک لکھتے ہوئے اس بات کا اہتمام کرنا چاہئے کہ نام مبارک کے ساتھ مکمل صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لکھا جائے، صرف ص یا صلعم لکھ دینا بڑی بخیلی اور محرومی کی بات ہے۔

درود شریف کا حکم

تمام علماء امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ زندگی میں ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا فرض عین ہے اور بالکل اسی طرح فرض عین ہے جس طرح نماز پڑھنا فرض عین ہے اور اس کے علاوہ جب کبھی ایک ہی مجلس میں بار بار حضور اقدس ﷺ کا نام مبارک لیا جائے تو ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا واجب ہے، اگر نہیں پڑھے گا تو گناہ گار ہوگا، اور بار بار درود شریف پڑھنا اگرچہ واجب نہیں ہے لیکن ایک مسلمان کے ایمان اور حضور ﷺ سے محبت کا تقاضہ یہ ہے کہ جب کبھی وہ آپ ﷺ کا نام مبارک سنے تو کم از کم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ضرور پڑھے کہ یہ مختصر ترین درود ہے۔

درود شریف کے فضائل

درود شریف کے بے شمار فضائل وارد ہوئے اور اس سے بڑھ کر کیا فضیلت ہوگی کہ خود اللہ اور اس کے فرشتے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں، درود شریف در حقیقت عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین عمل ہے، اس پر دنیا اور آخرت میں ملنے والے ثمرات لاتعداد ہیں جن کا شمار ممکن نہیں، نمونہ کے طور پر کچھ فضائل پیش کئے جاتے ہیں۔

سب سے افضل اور اکمل درود شریف (درود ابراہیمی)

حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میری ملاقات حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی، انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ کیا میں تجھے ہدیہ دوں؟ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے، ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ پر کن الفاظ میں سلام بھیجا کریں یعنی

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

جو تشہد میں وارد ہوا ہے لیکن آپ پر درود کس طرح بھیجا کریں؟ ارشاد فرمایا کہ یوں کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

(بخاری، الدعوات، باب الصلوۃ علی النبی ﷺ حدیث 5996، صفحہ 2338، دار ابن کثیر)

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ درود شریف کے یہی الفاظ صحیح تر اور افضل واکمل ہیں، نماز اور غیر نماز میں ان کی پابندی کی جائے۔

مکمل درود شریف

حضور ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ایک مرتبہ فرمایا کہ تم نامکمل درود نہ پڑھا کرو پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے (مکمل درود) دریافت کرنے پر آپ ﷺ نے مذکورہ درود شریف تعلیم فرمایا۔ (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول، صفحہ نمبر 121، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

کامل درود شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ سے ایسا درود دریافت کیا جسے کامل درود شریف کہا جا سکے، تو آپ ﷺ نے یہ درود تلقین فرمایا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ

وَ صَلِّ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

(القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول، صفحہ نمبر 121، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

افضل درود شریف

علامہ کمال الدین دمیریؒ نے شرح منہاج میں شیخ ابوعبداللہ بن نعمانؒ سے نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں سو مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوئی، آخری مرتبہ میں انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے افضل درود شریف دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ درود تعلیم فرمایا:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹰالَّذِىْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ
مِنْ جَلَالِكَ وَعَيْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَأَصْبَحَ فَرِحًا
مَّسْرُوْرًا مُّؤَيَّدًا مَّنْصُوْرًا

(القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول، صفحہ نمبر 145، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت

رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجے اور یہ پڑھے، اس نے اپنے لئے میری شفاعت کو واجب کر لیا۔

اَللّٰهُمَّ أَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(مسند احمد حدیث 16991، جلد 201/28)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود شریف پڑھا کرے، میں اس کے لئے قیامت کے دن گواہی دوں گا اور اس کی شفاعت کروں گا۔ (الادب المفرد باب الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ 223، دار البشائر)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَ اٰلِ إِبْرَاھِیْمَ وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَ اٰلِ إِبْرَاھِیْمَ
وَ تَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمْتَ
عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَ اٰلِ إِبْرَاھِیْمَ

شفاعت کا حلال ہو جانا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد یہ درود شریف پڑھا کرے اس کے لئے قیامت کے دن میری شفاعت حلال ہو جائے گی۔ (القول البدیع للامام السخاوی الباب الخامس، ص 347، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَةَ وَ اجْعَلْ فِی الْمُصْطَفَیْنَ

مَحَبَّتَهٗ وَ فِی الۡعَالِیۡنَ دَرَجَتَهٗ وَ فِی الۡمُقَرَّبِیۡنَ دَارَهٗ

شفاعت نصیب ہونا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اذان سن کر یہ کہے، اس کے لئے میری شفاعت حلال ہوجائے گی۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَ الصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ

اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَ الْفَضِيْلَةَ وَ ابْعَثْهُ مَقَامًا

مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ

(صحیح للبخاری الصلوۃ، باب الدعاء عند النداء حدیث نمبر 589، صفحہ نمبر 222، مطبوعہ دار ابن کثیر)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعت کا واجب ہونا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سات جمعہ تک یہ درود ہر جمعہ کو سات مرتبہ پڑھا کرے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوجائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ

لَكَ رِضَاءً وَّ لِحَقِّهٖ أَدَاءً وَّ أَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَ الْمَقَامَ

الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ أَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا أَفْضَلَ

مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ أُمَّتِهٖ وَ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ إِخْوَانِهٖ

مِنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصَّالِحِيْنَ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

(القول البديع للامام السخاوی الباب الاول، ص 125، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت

جو شخص خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنا چاہتا ہو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔ (الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر، ص 162، ط دار الباز مکۃ المکرمۃ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰى لَهٗ

درود باعث زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس کو خواب میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوگی، یا بہشت میں اپنا گھر دیکھے گا اور اگر ایک جمعہ میں اس دولت کے ساتھ مشرف نہ ہو تو پانچ یا سات جمعہ تک اس وظیفے کی پابندی کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَ اٰلِهٖ وَ سَلِّمْ

(ذریعۃ الوصول صفحہ نمبر 199)

قرب خاص کا ذریعہ

علامہ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ ابن سبعؒ نے شفاء میں اور ابوسعیدؒ نے شرف المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں روایت کیا ہے جس کی سند سے میں واقف نہیں ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے درمیان کوئی شخص نہیں بیٹھتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک روز ایک شخص کو اپنے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بٹھایا، صحابہ رضی اللہ عنہم کو اس پر تعجب ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ شخص مجھ پر ان الفاظ کے ساتھ درود پڑھتا ہے۔ (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول، ص 125)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰى لَهٗ

ایمان کی حفاظت

جو شخص پچاس مرتبہ دن میں اور پچاس مرتبہ رات میں اس درود شریف کا ورد رکھے، تو اس کا نفس طاعت الٰہی اور توفیق میں کاہل نہیں ہوگا اور ایمان ضائع ہونے کے خطرے سے محفوظ ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صفحہ نمبر 186، مطبوعہ مکتبہ لدھیانوی)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
دَائِمَةً بِدَوَامِكَ

بڑے پیمانہ سے ثواب ملنا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص چاہے کہ بڑے پیمانہ کے ساتھ اس کو ثواب دیا جائے تو اس کو چاہئے کہ یہ درود شریف پڑھے۔ (سنن ابی داود حدیث 982 صفحہ 123)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ أَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ

وَ ذُرِّیَّتِهٖ وَ أَهْلِ بَیْتِهٖ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ إِبْرَاهِیْمَ

إِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ہزار دن تک ثواب ملنا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود شریف پڑھے:

جَزَى اللهُ عَنَّا مُحَمَّدًا بِمَا هُوَ أَهْلُهٗ

اس نے ثواب لکھنے والے ستر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈال دیا (یعنی ستر فرشتے ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے رہیں گے)۔ (المعجم الاوسط ح235، صفحہ 210/1)

آسمان وزمین اور عرش عظیم کے برابر ثواب

اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان وزمین اور عرش کے برابر ثواب ملتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّلْأَ السَّمٰوٰتِ وَ مِلْأَ الْأَرْضِ وَ مِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ، صفحہ نمبر 186، مطبوعہ مکتبہ لدھیانوی)

دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر اجر

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں ایک درود شریف سے واقف ہوا جس کے بارے میں ہمارے بعض معتمد شیوخ نے افادہ فرمایا کہ اس کا ایک قصہ ہے جس کا مقتضاء یہ ہے کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ (القول البدیع للامام السخاوی الباب الاول، ص 130، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَ الرَّحْمَةُ لِّلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَ مَنْ بَقِيَ وَ مَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَ مَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَ تُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَ لَا انْتِهَآءَ وَ لَا أَمَدَ لَهَا وَ لَا انْقِضَآءَ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ كَذٰلِكَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ

علامہ سخاویؒ نے جس قصے کی طرف اشارہ کیا ہے، اس قصے کو شیخ ابن حجر مکیؒ نے ذکر کیا ہے، اور کہا ہے کہ اولیاء کرام میں سے ایک بزرگ تھے، جو ہر شب میں دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کا معمول رکھتے تھے، ایک بار وہ بیمار ہو گئے، اور اپنا یہ وظیفہ یعنی دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے سے عاجز آ گئے، اس سے ان کو سخت تشویش اور غم ہوا، ایک شب خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت ہوئی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان سے فرمایا کہ یہ درود ایک مرتبہ پڑھ لیا کرو تمہارے لئے دس ہزار کے وظیفے کے قائم مقام ہو جائے گا۔ وہ بیدار ہوئے تو یہ درود ان کو یاد تھا، یہ درود وہی ہے جو اوپر گزرا۔

(ذریعۃ الوصول، صفحہ 81، مطبوعہ مکتبہ لدھیانوی)

تمام درودوں کے برابر اجر

یہ درود شریف آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر سارے درود بھیجنے کے برابر ہے۔ (ذریعۃ الوصول ص 235)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذِكْرِهٖ أَلْفَ أَلْفِ مَرَّةٍ

تمام اوقات میں درود پڑھنے کا اجر

شیخ الاسلام ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جو شخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے وہ گویا رات و دن کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ أَوَّلِ كَلَامِنَا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ أَوْسَطِ كَلَامِنَا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اٰخِرِ کَلَامِنَا

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ صفحہ نمبر 237، مطبوعہ مکتبہ لدھیانوی)

80 سال کے گناہ معاف اور 80 سال کی عبادت کا ثواب

جمعہ کے دن جہاں عصر کی نماز پڑھی ہو اس جگہ سے اٹھنے سے پہلے اَسّی 80 مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے سے اسّی 80 سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اَسّی 80 سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ (القول البدیع للامام السخاوی الباب الخامس، ص 381، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا

اَسّی 80 سال کے گناہ معاف

حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کے مطابق جو شخص اَسّی 80 مرتبہ یہ درود پڑھے اللہ تعالی اس کے اَسّی 80 سال کے گناہ معاف فرما دیں گے۔ (ذریعۃ الوصول ص 205)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

حصول مغفرت

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا گیا اور

ان سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ فرمایا کہ بخش دیا۔ عرض کیا گیا کہ کس سبب سے؟ فرمایا پانچ کلمات کی برکت سے جس کے ساتھ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھا کرتا تھا، عرض کیا گیا کہ کون سے کلمات؟ فرمایا کہ میں ان کلمات کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھا کرتا تھا:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ
وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَن لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ
وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ
وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ
وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ

(القول البدیع للامام السخاوی الباب الخامس، ص 467، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

پل صراط پر چودھویں کے چاند سے زیادہ چہرے کا روشن ہونا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کو لائے اور اس پر گواہی دی کہ اس شخص نے ان کی اونٹنی چوری کی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا، وہ شخص ذیل میں دیا ہوا درود پڑھتا ہوا واپس پلٹا، تو وہ اونٹنی بولنے لگی کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ شخص مجھے چُرانے سے بری ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو واپس بلایا اور اس سے دریافت کیا کہ جب تُو پشت پھیر کر

لوٹا تو تُو نے کیا پڑھا تھا، اس نے کہا کہ میں نے یہ الفاظ کہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے ان الفاظ کی وجہ سے فرشتوں کو دیکھا کہ انہوں نے مدینہ کے بازار کو بھر دیا یہاں تک کہ وہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہوگئے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا کہ جب تو قیامت کے دن پل صراط پر آئے گا، تو تیرا چہرہ چودھویں رات کے چاند سے زیادہ روشن ہوگا۔ (کتاب الدعاء للطبرانی، ح1055، ص1291)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ صَلَاتِكَ شَيْءٌ

وَ سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ سَلَامِكَ شَيْءٌ

و بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ بَرَكَاتِكَ شَيْءٌ

دوزخ سے نجات

حضرت خلاد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ جمعہ کے دن یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرتے تھے، ان کے انتقال کے بعد ان کے تکیہ کے نیچے سے ایک کاغذ ملا جس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ خلاد بن کثیر کے لئے دوزخ سے آزادی کا پروانہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ

(الصلاۃ والبشر فی الصلاۃ علی خیر البشر ص ۱۲۹، ط دار الباز مکۃ المکرمۃ)

بڑا جام کوثر عطا ہونا

جو شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوض کوثر سے بڑے پیمانہ کے ساتھ پانی نوش

کرنا چاہے، اس کو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔ (القول البدیع الباب الاول، ص 122)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ

وَ أَوْلَادِهٖ وَ أَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِيَّتِهٖ وَ أَهْلِ بَيْتِهٖ وَ أَصْهَارِهٖ

وَ أَنْصَارِهٖ وَ أَشْيَاعِهٖ وَ مُحِبِّيْهِ وَ أُمَّتِهٖ وَ عَلَيْنَا

مَعَهُمْ أَجْمَعِيْنَ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

صدقہ کے قائم مقام

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے پاس صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ ہو، جسے وہ اللہ کے راستے میں خرچ کر سکے، وہ یہ درود شریف پڑھا کرے یہ اس کے لئے صدقہ کے قائم مقام ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ صَلِّ عَلَى

الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ

(الادب المفرد، باب الصلوٰة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ج ۱، ص ۲۲۳، ط دار البشائر بیروت)

درود ناریہ (پریشانیوں سے فوری نجات)

اس درود شریف کا پڑھنے والا ہمیشہ رنج و غم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے، لہٰذا ہر مصیبت کے وقت اس درود پاک کا ورد کرنا چاہیے، ان شاء اللہ اس کی برکت سے

مصیبت و پریشانی دور ہوجائے گی، ہمارے اکابر کے مجربات میں یہ نقل کیا گیا ہے کہ مقصود کی تحصیل اور پریشانیوں اور آفات کو دور کرنے کے لئے ایک مجلس میں جمع ہو کر اس درود شریف کو چار ہزار چار سو چوالیس 4444 مرتبہ ایک ہی مجلس میں پڑھا کرتے تھے، جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ مسائل کو فوراً حل فرما دیا کرتے تھے اور مراد پوری ہوجایا کرتی تھی۔ شیخ محمد تیونسیؒ فرماتے ہیں کہ جو روزانہ اس درود کو گیارہ 11 مرتبہ پابندی سے پڑھے گا تو اس کے لئے رزق کی اس قدر فراوانی ہوگی گویا آسمان سے رزق برس رہا ہو یا زمین سے اُگ رہا ہو، اس کے علاوہ اس کی پابندی بہت ساری دُنیوی اور اخروی بھلائیوں کے حصول کا ذریعہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّ سَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَ تَنْفَرِجُ

بِہِ الْکُرَبُ وَ تُقْضٰی بِہِ الْحَوَائِجُ وَ تُنَالُ بِہِ

الرَّغَائِبُ وَ حُسْنُ الْخَوَاتِیْمِ وَ یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ

بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ

وَّ نَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

(خزینۃ الاسرار، ص 202، دار الکتب العلمیۃ)

درود تُنجِیْنَا

آفتوں اور مصیبتوں کا ٹل جانا اور مشکلوں کا دور ہو جانا

جو شخص اس درود شریف کو کسی مہم، کسی آفت اور کسی مصیبت میں ہزار مرتبہ پڑھے اللہ تعالی اس کی مشکل کو دور فرمائیں گے اور اس مصیبت کو ٹال دیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ
جَمِيْعِ الْأَهْوَالِ وَ الْاٰفَاتِ وَ تَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ
الْحَاجَاتِ وَ تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ
وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ أَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَا
أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ
وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

(الصلاة والبشر فی الصلاة علی خیر البشر، ص 161، ط دار الباز مکة المکرمة)

قرض کی ادائیگی اور حساب کتاب سے آزادی

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی:

۱ کبھی مقروض نہ ہوگا۔

۲ اگر قرض ہوگا تو وہ ادا ہو جائے گا چاہے جتنا بھی قرض ہو۔

۳ قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ صفحہ نمبر 199، مطبوعہ مکتبہ لدھیانوی)

ہر درد کی دوا اور ہر بیماری سے شفاء

ہر درد اور بیماری دور کرنے کے لئے اول و آخر مذکورہ درود پڑھیں اور درمیان میں مع بسم اللہ سورۂ فاتحہ اور اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کریں، ان شاء اللہ ہر بیماری سے شفاء نصیب ہوگی۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ صفحہ نمبر 197، مطبوعہ مکتبہ لدھیانوی)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّ دَوَآءٍ

وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ

حضرت مولانا شمس الرحمن عباسی صاحب دامت برکاتہم لاعلاج بیماریوں کے علاج کے لئے اس درود شریف کے پڑھنے کو مجرب بتلاتے ہیں اور اس کے پڑھنے کی یہ ترتیب تعلیم فرماتے ہیں کہ اول دوسو مرتبہ اس درود شریف کو پڑھا جائے پھر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھی جائے اور پھر اخیر میں سو مرتبہ مذکورہ بالا درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر یا مریض پر دم کیا جائے اور پانی پر بھی دم کر کے پیا جائے۔

دعا قبول ہونا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مؤذن کی اذان کے وقت یہ کلمات کہے، اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائیں گے۔ (مسند احمد، حدیث 14619، جلد 22، صفحہ 461، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت)

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَ الصَّلٰوةِ النَّافِعَةِ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ ارْضَ عَنْهُ رِضًا لَّا سَخَطَ بَعْدَهٗ

اولاد کو عزت ملنا

جو شخص صبح و شام سات، سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔ (ذریعۃ الوصول صفحہ نمبر 201)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ

وَّ اٰلِهٖ صَلَاةً أَنْتَ لَهَا أَهْلٌ وَّ بَارِكْ وَ سَلِّمْ كَذٰلِكَ

بہترین حمد، بہترین نعت اور بہترین سوال

امام نمیریؒ نے حضرت ابو محمد عبداللہ موصلی رحمۃ اللہ علیہ سے جو ابن مشتہر کے نام سے

معروف ہیں نقل کیا ہے کہ جو شخص چاہتا ہو کہ ایسے طریقے سے اللہ کی حمد کرے جو اولین وآخرین اور ملائکہ مقربین اور اہل آسمان اور زمین کی حمد سے بہتر ہو، اور چاہتا ہو کہ ایسے طریقے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود شریف بھیجے جو تمام اہل ایمان کے درود شریف سے بہتر ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ سے اس انداز میں سوال کرے جو تمام مخلوق کے سوال سے بہتر ہو وہ یہ کلمات کہا کرے۔ (القول البدیع الباب الاول ، صفحہ نمبر 126، مطبوعہ مؤسسۃ الریان)

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا أَنْتَ أَھْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰی

مُحَمَّدٍ کَمَا أَنْتَ أَھْلُهٗ وَ افْعَلْ بِنَا مَا أَنْتَ أَھْلُهٗ

فَإِنَّكَ أَھْلُ التَّقْوٰی وَ أَھْلُ الْمَغْفِرَةِ

روضہ مبارک کی حاضری پر ہدیۂ عقیدت

حافظ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ جب زیارت کرنے والا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے روضہ مطہرہ کی زیارت کو آئے تو مواجہہ شریف کے سامنے کھڑے ہو کر ان الفاظ میں سلام پیش کرے۔ (القول البدیع الباب الخامس، ص403)

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللهِ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللهِ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خِیَرَةَ اللهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَائِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَذِيْرُ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى أَزْوَاجِكَ الطَّاهِرَاتِ

أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى أَصْحَابِكَ أَجْمَعِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى سَائِرِ الْأَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

وَ سَائِرِ عِبَادِ اللهِ الصّٰلِحِيْنَ

جَزَاكَ اللهُ عَنَّا يَا رَسُوْلَ اللهِ أَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ

قَوْمِهٖ وَ رَسُوْلًا عَنْ أُمَّتِهٖ

وَ صَلّٰى عَلَيْكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذّٰاكِرُوْنَ وَ كُلَّمَا غَفَلَ

عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ وَ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ فِي الْأَوَّلِيْنَ

وَ صَلّٰى عَلَيْكَ فِي الْاٰخِرِيْنَ أَفْضَلَ وَ أَكْمَلَ وَ أَطْيَبَ مَا

صَلّٰى عَلٰى أَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ أَجْمَعِيْنَ كَمَا اسْتَنْقَذَنَا بِكَ

مِنَ الضَّلَالَةِ وَ بَصَّرَنَا بِكَ مِنَ الْعَمٰى وَ الْجَهَالَةِ

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّكَ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

وَ خِيَرَتُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ وَ أَشْهَدُ أَنَّكَ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ

وَأَدَّيْتَ الْأَمَانَةَ وَ نَصَحْتَ الْأُمَّةَ وَ جَاهَدْتَّ فِي اللهِ حَقَّ

جِهَادِهٖ اَللّٰهُمَّ اٰتِهٖ نِهَايَةَ مَا يَنْبَغِيْ أَنْ يَّأْمَلَهُ الْاٰمِلُوْنَ

پھر اپنے لئے اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کے لئے دعا مانگیں، اس مبارک موقع

پر سعد عبدالرزاق، اس کے والدین اور اس کے اہل وعیال کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں، اور بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہمارا بھی سلام پیش کریں۔

صَلٰوۃُ الْبِئرِ (کنویں والا درود شریف)

درود شریف کی مشہور کتاب دلائل الخیرات کے مصنف شیخ محمد بن سلیمان الجزولی فاس (شہر کا نام) میں قیام پذیر تھے، ایک مرتبہ آپ وضو فرمانے کے لئے کنویں پر تشریف لے گئے، لیکن وہاں کوئی ایسی چیز میسر نہ تھی جس کے ذریعے آپ کنویں سے پانی نکال سکتے، اچانک ایک لڑکی جو ایک اونچی جگہ سے یہ منظر دیکھ رہی تھی، وہ آپ کے پاس آئی، اس نے آپ کا نام پوچھا، نام معلوم ہونے پر اس لڑکی نے کہا کہ آپ وہی شخصیت ہیں جن کا ہر جگہ چرچا ہے اور آپ اس بات سے پریشان ہیں کہ کنویں سے پانی کس طرح نکالا جائے، پھر اس لڑکی نے کنویں میں اپنا لعاب ڈالا تو پانی کنویں سے ابل کر باہر زمین پر آ گیا۔

شیخ محمد بن سلیمان الجزولیؒ نے اس پانی سے وضو کیا اور وضو سے فارغ ہونے کے بعد اس لڑکی سے کہا کہ میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ تجھے یہ مقام کیسے حاصل ہوا؟ لڑکی نے کہا کہ یہ مقام مجھے اس ذات اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت کے ساتھ درود پڑھنے کی وجہ سے حاصل ہوا ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگل میں سے گزرتے تو وحشی جانور تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامن خیر و برکت سے لپٹ جاتے تھے۔

یہ جواب سن کر شیخ نے قسم کھائی کہ وہ اب درود پاک پر ایک کتاب تحریر کریں گے، پھر شیخ نے اس لڑکی سے اس درود شریف کے بارے میں پوچھا جس کا وہ ورد کیا

کرتی تھی۔

پھر شیخ محمد بن سلیمان الجزولی نے کتاب دلائل الخیرات تصنیف فرمائی، اس مبارک کتاب کی ساتویں منزل میں وہ درود پاک بھی موجود ہے جو آپ کو اس لڑکی نے بتایا تھا جسے صلوٰۃ البئر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ

سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً دَائِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً

تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ

درود باعث اجر عظیم

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا کہ ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور سلام کیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے سلام کا جواب دیا اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک خوشی سے دمک رہا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو اپنے پاس بٹھایا، پھر جب اس شخص کا کام ہو گیا اور وہ جانے کے لئے اٹھ کھڑا ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اے ابوبکر! یہ ایسا شخص ہے کہ روزانہ روئے زمین کے تمام لوگوں کے اعمال کے بقدر اسے اجر ملتا ہے، میں نے عرض کیا کہ اس کی کیا وجہ ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ روزانہ صبح مجھ پر ایسا درود شریف پڑھتا ہے جو ساری مخلوق کے درود شریف کے برابر ہے، میں نے

عرض کیا کہ وہ کون سا درود شریف ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ درود تعلیم فرمایا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ
صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِكَ وَ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدِ نِ
النَّبِیِّ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی
(سَیِّدِنَا) مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ

(کنز العمال، حدیث نمبر 3981، صفحہ نمبر 266، جلد 2، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ)

سات فائدے

اگر نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد مندرجہ ذیل درود شریف کا تین تین بار ورد کیا کرے تو حسن التوسل میں اس کے سات فائدے ذکر کئے گئے ہیں:

١ گناہ معاف ہوں گے۔
٢ درجات بلند ہوں گے۔
٣ غم واندوہ سے خلاصی نصیب ہوگی۔
٤ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت نصیب ہوگی۔
٥ ایمان والی موت نصیب ہوگی۔
٦ دشمن کے مقابلے میں مدد ہوگی۔
٧ بہشت میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت نصیب ہوگی۔

اوراگر شب جمعہ میں گیارہ مرتبہ ورد کرے تو بہت نفع ہوگا۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ، درود نمبر 135، صفحہ 190، مکتبہ لدھیانوی)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْأَوَّلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
فِی الْاٰخِرِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْأَعْلٰی
إِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ أَجْمَعِیْنَ
اَللّٰھُمَّ أَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَ الْفَضِیْلَۃَ وَ الشَّرَفَ
وَ الدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ اَللّٰھُمَّ اٰمَنْتُ بِمُحَمَّدٍ وَ لَمْ أَرَہٗ
فَلَا تَحْرِمْنِیْ فِی الْجِنَانِ رُؤْیَتَہٗ وَ ارْزُقْنِیْ مَحَبَّتَہٗ
وَ تَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِہٖ وَ اسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِہٖ شَرَابًا مَّرِیْئًا
سَائِغًا ھَنِیْئًا لَّا نَظْمَأُ فِیْہِ بَعْدَھَا أَبَدًا إِنَّکَ عَلٰی کُلِّ
شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ مِّنِّیْ تَحِیَّۃً وَّسَلَامًا
اَللّٰھُمَّ وَ کَمَا اٰمَنْتُ بِہٖ وَ لَمْ أَرَہٗ فَلَا تَحْرِمْنِیْ فِی
الْجِنَانِ رُؤْیَتَہٗ بِرَحْمَتِکَ یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

بے انتہاء فوائد

شفاء میں ذکر کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب آیت شریف اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ الخ تلاوت فرماتے تو ارشاد خداوندی کی تعمیل میں یوں کہتے:

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ وَ سَعْدَيْكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ

الرَّحِيْمِ وَ الْمَلَآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ النَّبِيِّيْنَ

وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصَّالِحِيْنَ وَ مَا سَبَّحَ

لَكَ شَيْءٌ يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ

خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ

وَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْ

إِلَيْكَ بِإِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ائمہ اہل بیت اس درود شریف کی پابندی فرماتے تھے اور فرماتے تھے کہ اس درود شریف کے دینی فوائد اور آخرت میں اس کا ثواب احاطۂ حد سے باہر اور حد شمار

سے زیادہ ہے۔(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ درود نمبر 165، صفحہ 217، مکتبہ لدھیانوی)

فرشتہ سلام پہنچائے گا

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جو جمعرات کو عصر کے بعد یہ درود شریف پڑھا کرے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الشَّهْرِ الْحَرَامِ وَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ

وَ الرُّكْنِ وَ الْمَقَامِ وَ رَبَّ الْحِلِّ وَ الْحَرَامِ

اِقْرَأْ مُحَمَّدًا مِنِّيَ السَّلَامَ

تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو مقرر فرما دیتے ہیں جو آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرتا ہے کہ یارسول اللہ! فلاں بن فلاں نے آپ کو سلام بھجوایا ہے۔(ذریعۃ الوصول درود 84، صفحہ 119)

تریاق مجرب

نزھۃ المجالس میں لکھا ہے کہ بعض صلحاء میں سے کسی ایک صاحب کو حبس بول (وہ بیماری جس میں پیشاب رک جاتا ہے) ہو گیا، انہوں نے خواب میں عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین ابن ارسلان کو جو بڑے زاہد اور عالم تھے دیکھا اور ان سے اپنے مرض کی شکایت و تکلیف کہی، انہوں نے فرمایا تُو تریاق مجرب سے کہاں غافل ہے؟ یہ درود پڑھا کر:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ فِی الْأَرْوَاحِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ فِی الْأَجْسَادِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

خواب سے اٹھنے کے بعد ان صاحب نے اس درود کو کثرت سے پڑھا اور ان کا مرض زائل ہوگیا۔ (فضائل درود شریف صفحہ نمبر 184، مکتبہ لدھیانوی)

دشمن سے حفاظت

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد سات بار ذیل میں مذکور درود شریف کا ورد کرے تو کوئی دشمن مثلاً نفس وشیطان، جن و انس، سانپ اور بچھو وغیرہ اس کے مقابلے میں کامیاب نہیں ہوگا، اور ہر وہ عمل جس کے شروع کرنے سے پہلے تین بار یہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس عمل کو قبول فرمائیں گے، رد نہیں کریں گے۔

صَلَّی اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَ بِحَمْدِهٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَ رَسُوْلِهِ

النَّبِیِّ الْأُمِّیِّ وَ اٰلِهٖ وَ بَارَكَ وَ سَلَّمَ كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ درود نمبر 84، صفحہ نمبر 119 مکتبہ لدھیانوی)

فرشتوں کی طرف سے آسانی

جو شخص ہر نماز کے بعد اس درود شریف کو تین بار پڑھے، تو اس کے لئے ہر وہ معاملہ جو بندے کا فرشتوں کے ساتھ ہوتا ہے، اس میں آسانی ہو جائے گی، جیسا کہ نامۂ اعمال کا لکھنا، روح کا قبض کرنا، اور قبر کا سوال و جواب وغیرہ اور قیامت کے دن اگر اسے اپنے عمل کی بدولت خلاصی میسر آ جائے تو سبحان اللہ، ورنہ تمام نبی، فرشتے اور ولی اس کے حق میں شفاعت کر کے اسے خلاصی دلائیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَ عَلٰى كُلِّ
نَبِيٍّ وَّ مَلَكٍ وَّ وَلِيٍّ عَدَدَ الشَّفْعِ وَ الْوَتْرِ وَ عَدَدَ
كَلِمَاتِ رَبِّنَا التَّامَّاتِ الْمُبَارَكَاتِ

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ، درود نمبر 132، صفحہ 184 مکتبہ لدھیانوی)

چند ضروری ہدایات

١ دلائل شریف کا ورد کرتے ہوئے وہی نیت کی جائے جو دعاء النیۃ میں مذکور ہے، صرف کتاب کی تلاوت مقصود نہ ہو بلکہ مقصود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں درود شریف کا ہدیہ پیش کرنا ہو اور اس کتاب کو اس کے لئے ذریعہ سمجھا جائے۔

٢ درود شریف کے فضائل میں قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں وارد ہونے والے نصوص پیش نظر رکھے جائیں اور اس کتاب کو اخلاص وادب کے ساتھ پڑھتے ہوئے ان فضائل کا استحضار نہایت مفید ہے۔

٣ دلائل کا ورد ہمارے مشائخ کا معمول رہا ہے، حضرت حاجی امداد اللہ مکی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں معروف ہے کہ آپ سفر و حضر میں ہمیشہ تین کتابیں، قرآن شریف، مثنوی شریف اور دلائل الخیرات اپنے ساتھ رکھتے تھے۔

حضرت مولانا یوسف بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ دلائل کا ورد ایک کامل متبع سنت مرشد کے ہاتھ پر بیعت کا کام دیتا ہے، حضرت والا کے ارشاد کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ اس پر دس بار رحمت نازل فرماتا ہے

(صحیح مسلم، باب الصلوۃ علی النبی بعد التشهد حدیث نمبر 408 صفحہ نمبر 174 مطبوعہ بیت الافکار الدولیۃ)

اورقرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَ مَلٰٓئِکَتُهٗ لِیُخْرِجَکُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ

وہ ذات (اللہ تعالیٰ) اوراس کے فرشتے تم پر رحمت نازل فرماتے ہیں تا کہ تمہیں (جہالت کی) اندھیریوں سے (ایمان کے) نور کی طرف لے جائیں۔ (الاحزاب 43)

حدیث شریف کے مطابق درود شریف پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوٰۃ کا نزول ہوتا ہے اور قرآن شریف سے معلوم ہوا کہ جس شخص پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوٰۃ کا نزول ہوتا ہے وہ ہر قسم کی ظلمات (شرک، کفر، فسق، نفاق، غفلت وغیرہ) سے نکل کر نور (ایمان، توحید، اخلاص، یقین، طاعت وغیرہ) میں داخل کر دیا جاتا ہے اور کسی شیخ سے بیعت ہونے سے بھی یہی مقصود ہوتا ہے۔

۴ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ عمل بہت اونچی حیثیت رکھتا ہے جسے استقامت کے ساتھ کیا جائے، اس لئے پابندی کے ساتھ دلائل شریف پڑھنے کی کوشش کی جائے۔

۵ بہتر یہ ہے کہ اپنے شیخ یا کسی ایسے مستند بزرگ جن کو دلائل پڑھنے کی مشائخ

سے اجازت حاصل ہو، ان کی اجازت سے دلائل شریف کا ورد کیا جائے۔

چند ضروری وضاحتیں

دلائل الخیرات کے بعض الفاظ میں ہوسکتا ہے کسی کو کچھ تردد ہو، اس لئے چند وضاحتیں عرض خدمت ہیں:

① اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں رحمت، غیاث، اور یا کاشف الکرب قسم کے جو الفاظ آئے ہیں، اگر خلجان ہو تو انہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ اور حشر میں آنے والی حالت پر محمول کرلیا جائے۔

② وَنُوْرًا عَلٰی نُوْرِهِ الَّذِیْ مِنْهُ خَلَقْتَهٗ کو عالم ارواح میں پیدائش پر محمول کیا جائے یا یہ سمجھا جائے کہ اس کا تعلق روح سے ہے جسم سے نہیں۔

③ جہاں خطاب اور ندا کے الفاظ آئیں، وہاں یہ تصور کیا جائے کہ فرشتے میری آواز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچا رہے ہیں یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مبارک کو اپنے تصور میں لا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مخاطب ہوں یا اپنے آپ کو روضۂ اقدس پر حاضر تصور کر کے پڑھیں۔

④ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الرَّحْمَةِ شَیْءٌ وغیرہ جیسے الفاظ میں صفات خداوندی کی محدودیت کا بعض اوقات شبہ پیدا ہوتا ہے، اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ یہ الفاظ ماثور ہیں لہٰذا اگر سمجھ میں نہ آئیں تو انہیں متشابہات میں سے سمجھیں، دوم یہ کہ ان الفاظ سے حقیقی معنی مراد نہیں بلکہ کثرت سے کنایہ ہیں۔

لیکن ان تمام گزارشات اور وضاحتوں کے باوجود اگر کسی صاحب علم قاری کو کسی عبارت پر اطمینان خاطر نہ ہوتو وہ اسے نہ پڑھے، ہمارے بزرگوں میں اس کی مثالیں موجود ہیں کہ وہ بعض موہم عبارتوں کو نہیں پڑھتے تھے۔

کتاب پڑھنے کا طریقہ

دلائل الخیرات کو آٹھ منزلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، پہلی منزل پیر کے دن سے شروع ہوتی ہے اور آٹھویں منزل پیر کے دن ہی اختتام کو پہنچتی ہے، گویا پیر کے دن دو منزلیں پہلی اور آخری پڑھی جائیں گی، روزانہ کی منزل پڑھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء مبارکہ، روضہ مبارکہ کی صفت اور دعاء نیت کو پڑھا جائے اور پھر منزل شروع سے آخر تک پڑھی جائے۔

سنداجازت دلائل الخیرات

أَجَازَنِي الشَّيْخُ وَاصِفُ بْنُ مَنْظُوْرٍ رَّحِمَهُ اللهُ تَعَالٰى

وَ أَيْضًا أَجَازَنِي الشَّيْخُ شَمْسُ الرَّحْمٰنِ أَدَامَ اللهُ

بَرَكَاتِهٖ وَ مَتَّعَنَا بِطُوْلِ حَيَاتِهٖ وَ أَجَازَهُ الشَّيْخُ

فَضَلُ مُحَمَّدٌ وَ أَجَازَهُ الشَّيْخُ مُحَمَّدُ قَمَر

(جورہ شریف) وَ أَجَازَهُ الشَّيْخُ وَلِيُ أَحْمَدُ

(سنڈاکی باباجی) وَ أَجَازَهُ الشَّيْخُ عَبْدُالْحَقِّ عَنِ

الشَّيْخِ عَلِيِّ بْنِ يُوْسُفَ الْبَاشِلِيِّ الْمَدَنِيِّ عَنِ الشَّيْخِ

أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ ِالْمُدْغِرِى عَنِ الشَّيْخِ مُحَمَّدِ بْنِ

أَحْمَدَ الْمُثَنّٰى عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ الْحَاجِّ عَنِ

الشَّيْخِ أَحْمَدَ الْمُقْرِيِّ عَنِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ

الْفَاسِى عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ أَبِى الْعَبَّاسِ عَن

الشَّيْخِ السُّمْلَالِى عَنِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ التَّبَّاعِ

عَنِ الشَّيْخِ الْإِمَامِ الْمُؤَلِّفِ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ

الْجَزُوْلِى الشَّاذِلِى رَحِمَهُمُ اللهُ تَعَالٰى

اَسْمَاءُ اللهِ الْحُسْنٰى

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِىْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

يَا اَللهُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا رَحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا رَحِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا مَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا قُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا سَلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا مُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا عَزِيْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا جَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا خَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ

يَابَارِئُ ﷻ	يَامُصَوِّرُ ﷻ	يَاغَفَّارُ ﷻ
يَاقَهَّارُ ﷻ	يَاوَهَّابُ ﷻ	يَارَزَّاقُ ﷻ
يَافَتَّاحُ ﷻ	يَاعَلِيْمُ ﷻ	يَاقَابِضُ ﷻ
يَابَاسِطُ ﷻ	يَاخَافِضُ ﷻ	يَارَافِعُ ﷻ
يَامُعِزُّ ﷻ	يَامُذِلُّ ﷻ	يَاسَمِيْعُ ﷻ
يَابَصِيْرُ ﷻ	يَاحَكَمُ ﷻ	يَاعَدْلُ ﷻ
يَالَطِيْفُ ﷻ	يَاخَبِيْرُ ﷻ	يَاحَلِيْمُ ﷻ
يَاعَظِيْمُ ﷻ	يَاغَفُوْرُ ﷻ	يَاشَكُوْرُ ﷻ
يَاعَلِيُّ ﷻ	يَاكَبِيْرُ ﷻ	يَاحَفِيْظُ ﷻ
يَامُقِيْتُ ﷻ	يَاحَسِيْبُ ﷻ	يَاجَلِيْلُ ﷻ
يَاكَرِيْمُ ﷻ	يَارَقِيْبُ ﷻ	يَامُجِيْبُ ﷻ
يَاوَاسِعُ ﷻ	يَاحَكِيْمُ ﷻ	يَاوَدُوْدُ ﷻ

يَا مَجِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا بَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا شَهِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا حَقُّ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا وَكِيْلُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا قَوِيُّ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا مَتِيْنُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا وَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا حَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا مُحْصِيْ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا مُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا مُعِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا مُحْيِيْ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا مُمِيْتُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا حَيُّ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا قَيُّوْمُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا وَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا مَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا وَاحِدُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا أَحَدُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا صَمَدُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا قَادِرُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا مُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا مُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا مُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا أَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا آخِرُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا ظَاهِرُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا بَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا وَالِيْ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا مُتَعَالِيْ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا بَرُّ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا تَوَّابُ جَلَّ جَلَالُهُ
يَا مُنْعِمُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا مُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُهُ	يَا عَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهُ

يَا رَءُوفُ جَلَّ جَلَالُهٗ		يَا مَالِكَ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ		يَا رَبُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا مُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا جَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا غَنِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا مُغْنِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُعْطِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا ضَآرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا نَافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا نُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا هَادِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا بَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا بَاقِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا وَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا رَشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا صَبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
يَا صَادِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ		يَا سَتَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ

دعاء ابتداء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

إِلٰهِىۡ بِجَاهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ
وَ سَلَّمَ عِنۡدَكَ وَ مَكَانَتِهٖ لَدَيۡكَ وَ مَحَبَّتِكَ لَهٗ
وَ مَحَبَّتِهٖ لَكَ وَ بِالسِّرِّ الَّذِىۡ بَيۡنَكَ وَ بَيۡنَهٗ أَسۡئَلُكَ
أَنۡ تُصَلِّيَ وَ تُسَلِّمَ عَلَيۡهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحۡبِهٖ
وَ ضَاعِفِ اللّٰهُمَّ مَحَبَّتِىۡ فِيۡهِ وَ عَرِّفۡنِىۡ بِحَقِّهٖ وَ رُتَبِهٖ
وَ وَفِّقۡنِىۡ لِاتِّبَاعِهٖ وَ الۡقِيَامِ بِأَدَبِهٖ وَ سُنَّتِهٖ
